مولانا سید حبیب احمد الحسینی صاحب قبلہ نائب سجادہ نشین درگاہ حضرت سید شاہ نور الدین خمیسی القادری خطہ صالحین آغا پورہ کی روزنامہ صدائے حسینی برانچ آفس دارالشفا پر آمد جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی نے استقبال کیا اس موقع مولانا نے ادارہ صدائے حسینی کی ترقی کیلئے دعائیں کئے اس موقع پر جناب مصطفیٰ حسینی اور دیگر موجود تھے۔

تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ امتحانات کا آغاز

حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ میں انٹرمیڈیٹ امتحانات آج سے شروع ہوگئے ہیں۔انٹرمیڈیٹ امتحانات (25 فروری سے) اور ایس ایس سی امتحانات (14 مارچ سے) شروع امتحان مرکز کے لیے 5 منٹ کا گریس پیریڈ دینے کی اجازت دی گئی ہے۔امتحانات کو سختی سے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کے بغیر منعقد کرنے کی ہدایت کے۔رام کرشنا رانے دی ہے۔امتحانات میں 4.89 لاکھ انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر، 4.53 لاکھ سیکنڈ ایئر اور 5.28 لاکھ ایس ایس سی کے طلبہ شرکت کریں گے۔امتحانی مراکز پر سی سی ٹی وی نگرانی، پولیس بندوبست، طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جبکہ کیو آر کوڈ کے ساتھ سوالیہ پرچوں کا نظام بھی نافذ کیا گیا ہے۔جگتیال اور نظام آباد کے ضلعی مراکز میں حکام نے دیر سے پہنچنے کا حوالہ دیتے ہوئے دو انٹرمیڈیٹ طلبہ کو امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی۔بتایا گیا ہے کہ طلبہ مقررہ وقت کے بعد امتحانی مرکز پہنچے تھے، جسکے باعث ضوابط کے مطابق انہیں داخلہ دینے سے انکار کردیا گیا۔

تلنگانہ آرٹی سی کو 1085 الیکٹرک بسوں کی فراہمی

حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ریاست میں آرٹی سی کو اولیکٹرا گرین ٹیک لمٹیڈ کمپنی نے 1085 الیکٹرک بسیں سپلائی کرے گی۔اس سلسلہ میں اولیکٹرا کمپنی اور ٹی جی ایس آرٹی سی کو لیٹر آف انٹینٹ (ایل او آئی) جاری کیا ہے۔پی ایم ای ڈرائیو اسکیم کے تحت ماحولیات کے مطابق ایندھن کی بچت اور برقی گاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ٹی جی ایس آرٹی سی کو اولیکٹرا 12 میٹر چوڑی لوفلور بس فراہم کرے گی۔اس میں اے سی اور نان اے سی بسیس شامل ہیں۔مقامی سڑکوں کی نوعیت کا جائزہ لینے کے بعد ان بسوں کو تیار کیا گیا ہے۔یہ بسیس ایک مرتبہ چارج کرنے پر 250 کلومیٹر تک چلتی ہیں۔تقریباً 45 منٹ میں بسوں کی چارجنگ ہوجائے گی۔ان بسوں میں وہیل چیر مسافرین کیلئے خصوصی جگہ الاٹ کی گئی ہے۔اس طرح کی 3600 بسیں ملک بھر میں کامیابی سے چلائی جارہی ہیں۔اس کمپنی کو فی الوقت 10,000 الکٹرک بسیں تیار کرنے کا آرڈر ملا ہے۔اس موقع پر اولیکٹرا کمپنی کے ایم ڈی مہیش بابو نے بات کرتے ہوئے کہا کہ میک ان انڈیا کو مدنظر رکھتے ہوئے عالمی سطح کی الکٹرک بسیں تیار کی جارہی ہیں۔

تلنگانہ میں جمہوریت نہیں پولیس راج کا دور: ہریش راؤ

حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) بی آر ایس کے رکن اسمبلی و سابق ریاستی وزیر ٹی ہریش راؤ نے ضلع کھمم میں انہدامی کارروائی کی سخت مذمت کرتے ہوئے قرض حاصل کرتے ہوئے غریبوں کی جانب سے تعمیر کردہ مکانات کو منہدم کرنے کی کارروائی کو بے رحمانہ کارروائی قرار دیا۔ہریش راؤ نے آج ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس کی حکومت تعمیری حکومت نہیں ہے بلکہ انہدامی حکومت ہے۔ہریش راؤ نے استفسار کیا کہ تلنگانہ میں جمہوری حکومت ہے یا پولیس کا راج چل رہا ہے۔چار اضلاع سے ہزاروں کی تعداد میں پولیس کو تعین کرتے ہوئے ایک جنگی ماحول پیدا کرتے ہوئے غریبوں کے مکانات کو منہدم کیا گیا ہے جس کی بی آر ایس پارٹی سخت مذمت کرتی ہے۔ہریش راؤ نے کہا کہ کانگریس پارٹی تلنگانہ میں عوامی حکومت ہونے کا دعویٰ کررہی ہے، دوسری طرف غریب عوام کو چھتوں سے محروم کرنے کی سازش پر عمل آوری کررہی ہے۔انہدامی کارروائی کے دوران پولیس نے میڈیا کو بھی قریب آنے نہیں دیا تاکہ حکومت کی جو کارروائی ہے وہ عوام تک پہنچ نہ سکے۔غریب عوام، خواتین، بچے اس انہدامی کارروائی کو روکنے کی التجا کرتے رہے لیکن عہدیداروں نے انکی ایک نہیں سنی بلکہ ظالمانہ طریقہ سے انہیں وہاں سے ہٹادیا گیا۔اندراماں مکانات دینے کا وعدہ کرنے والی کانگریس حکومت موجودہ مکانات کو منہدم کررہی ہے۔کانگریس حکومت عوام کی فریاد سننے کیلئے تیار نہیں ہے۔ایسی حکومت کو اقتدار پر رہنے کا اخلاقی حق بھی نہیں ہے۔ہریش راؤ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ جن مکانات کو منہدم کیا گیا ہے، وہیں نئے مکانات تعمیر کئے جائیں۔اس ناانصافی کے خلاف بی آر ایس پارٹی جدوجہد کرتی رہے گی اور ایوانوں میں اور عدلیہ میں اس کیخلاف آواز اٹھاتے رہیں گے۔

تلنگانہ حکومت کی جانب سے بیرونِ ملک روزگار کے فروغ کے اقدامات قابل ستائش

حیدرآباد۔ 25فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) وزیر محکمہ محنت، روزگار و کانکنی ڈاکٹر جی ویویک وینکٹ سوامی نے بدھ کے روز نوجوانوں کے لیے بیرونِ ملک بہتر روزگار مواقع پیدا کرنے کی غرض سے ہنر مندی کی تربیت، کورسز کے انتخاب، پاسپورٹ خدمات اور امیگریشن طریقہ کار میں مرکزی و ریاستی حکومتوں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔سیکریٹریٹ میں وزارتِ خارجہ کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کے دوران وزیر موصوف نے کہا کہ پیشہ ورانہ مہارتوں کے ساتھ منظّم غیر ملکی زبانوں کی تربیت عالمی سطح پر ملازمت کے مواقع بڑھانے کے لیے نہایت اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی تقریریوں کے لیے امیدواروں کو تیار کرنے کی خاطر سرپرستوں (مینٹرس) اور کیریئر رہنماں کا مضبوط نظام قائم کرنا ضروری ہے۔پیشہ ورانہ کورسز کے ساتھ زبان کی تربیت کے مراکز میں توسیع سے بیرونِ ملک ملازمتوں میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔وفد میں وزارتِ خارجہ کی سیکریٹری (CPV & OIA) سری پریہ رنگناتھن، جوائنٹ سیکریٹری)اوورسیز ایمپلائمنٹ (و پروٹیکٹر جنرل آف ایمیگریٹنس سریندر بھگت، اور علاقائی پاسپورٹ افسر، حیدرآباد اجیت جان جوشوا شامل تھے۔اجلاس کے دوران مرکز اور ریاست کی جانب سے بیرونِ ملک تقرریوں کو سہل بنانے کے لیے نافذ پروگراموں کا جائزہ لیا گیا۔سری پریہ رنگناتھن نے کہا کہ بیرونِ ملک روزگار کے خواہشمند طلبہ کو منظّم تربیت فراہم کرنے کے لیے مربوط اقدامات جاری ہیں۔انہوں نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے بیرونِ ملک روزگار کے فروغ کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ بیرونِ ملک جانے والے نوجوانوں کی ثقافتی رہنمائی حکومتِ ہند کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے ادارہ جاتی شراکت داری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کارپوریٹ تربیتی اداروں کو بیرونِ ملک آجروں سے جوڑنے سے بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور غیر ملکی شراکت داروں کا اعتماد بڑھے گا۔غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے لیے نچلی سطح پر بیداری اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانے میں ریاستی حکومت کے تعاون کی بھی ضرورت پر زور دیا گیا۔ریاستی اداروں کی جانب سے جاری سرٹیفکیٹس کو مرکزی ایجنسیوں کے ذریعے مربوط طریقہ کار سے توثیق کیا جا سکتا ہے۔ایل ای ٹی ایف کے اسپیشل سیکریٹری دانا کشور نے وفد کو تلنگانہ اوورسیز مین پاور کمپنی (TOMCOM) کے اقدامات سے آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ صنعتی تربیتی اداروں) آئی ٹی آئیز (کو ایڈوانسڈ ٹیکنالوجی سینٹرز (ATCs) میں اپ گریڈ کیا جارہا ہے تاکہ صنعت کے لیے تیار پیشہ ور افراد پیدا کیے جاسکیں۔ریاست میں جاری کئی سرٹیفکیٹس کو نیشنل کونسل فار ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (NCVET) جیسے مرکزی اداروں کی منظوری بھی حاصل ہے۔اجلاس میں پاسپورٹ کے اجرا سے متعلق امور اور درخواست کے وقت محفوظ و قانونی امیگریشن طریقہ کار کے بارے میں عوامی بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

مردم شماری 2027 کیلئے پہلے مرحلہ کی منظوری

حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ملک گیر سطح پر مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلہ کی تیاریوں کو تیز کردیا گیا ہے۔ریاستی کابینہ نے ہاؤس لسٹنگ اور ہاؤزنگ مردم شماری کے سوالناموں کو منظوری دی ہے جس کے تحت ہر گھر سے 33 نکات پر مشتمل معلومات جمع کی جائیں گی۔ریاستی سطح پر محکمہ مردم شماری کے ڈائرکٹر اس عمل کی نگرانی کریں گے جبکہ مردم شماری کا عملہ گھر گھر جاکر مقررہ فارمیٹ کے مطابق تفصیلات اکھٹا کرے گا۔پہلے مرحلہ میں مکانات کی فہرست سازی اور ہاؤزنگ مردم شماری کی جائے گی۔عملہ ہر گھر کا دورہ کر کے مکان نمبر (میونسپل لوکل باڈی۔مردم شماری نمبر) مردم شماری مکان نمبر، فرش، دیوار اور چھت کی تعمیری نوعیت، گھریلو استعمال اور رہائش کی نوعیت درج کی جائے گی۔اس طرح خاندان کے افراد کی تعداد، گھر کے سربراہ کا نام وجنس، سماجی زمرہ، (ایس سی، ایس ٹی دیگر)، ملکیت کی حیثیت، کمروں اور شادی شدہ جوڑوں کی تعداد بھی پوچھی جائے گی۔بنیادی سہولتوں سے متعلق سوالات میں پینے کے پانی کا ذریعہ اور دستیابی، برقی کا بنیادی ذریعہ، لائیٹرین و باتھ روم کی موجودگی اور ان کی نوعیت، سیوریج آوٹ لیٹ، کچن اور ایل پی جی/ پی این جی کنکشن، کھانا پکانے کی ایندھن کی قسم شامل ہیں۔گھریلو اثاثوں سے متعلق معلومات میں ریڈیو/ ٹرانسسٹر، انٹرنیٹ کی سہولت، لیاپ ٹاپ، کمپیوٹر، ٹیلیفون، موبائیل، اسمارٹ فون، سیکل، اسکوٹر، موٹر سیکل، موپیڈ اور کار، جیپ' ویان کی تفصیلات طلب کی جائیں گی۔اس کے علاوہ خاندان کے اہم غذائی عادات اور موبائیل نمبر بھی درج کیا جائے گا تاکہ مردم شماری میں معلومات کی توثیق ممکن ہوسکے۔مردم شماری 2027 کے اس مرحلہ میں شمار کنندہ اپنے موبائیل فون پر خصوصی ایپ/ پورٹل کے ذریعہ معلومات درج کرے گا۔تمام جوابات ڈیجیٹل طریقہ سے محفوظ ہوں گے جس سے شفافیت اور رفتار میں اضافہ متوقع ہے۔حکومت مردم شماری کے اس اعداد وشمار کی بنیاد پر ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کی منصوبہ بندی کرتی ہے۔تحفظات، وسائل کی تقسیم اور انتخابی حد بندی جیسے اہم اقدامات بھی انہیں اعداد وشمار پر منحصر ہوتے ہیں۔اس لحاظ سے مردم شماری کو پالیسی سازی کیلئے کلید تصور کیا جاتا ہے۔واضح رہے کہ ملک میں آخری مردم شماری 2011 میں ہوئی تھی۔اگرچہ کہ آئندہ مردم شماری 2021 میں طئے پائی تھی تاہم کووڈ 19 کی وباء کے باعث اسے ملتوی کردیا گیا تھا۔اب مردم شماری 2027 کے تحت یہ عمل جدید ڈیجیٹل نظام کے ساتھ شروع کیا جارہا ہے۔

موسیٰ ندی کے کنارے انہدامی کارروائی۔گاندھیائی فکر کی خلاف ورزی: تشار گاندھی



حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) مہاتما گاندھی کے پڑپوتے تشار گاندھی نے موسیٰ ندی کے کنارے گاندھی مجسمے کی تنصیب کیلئے غریب عوام کو مکانات سے بیدخل کرنے اور انہدامی کارروائی پر سخت اعتراض کیا ہے۔تشار گاندھی نے سوشیل میڈیا پر حکومت کی اس کارروائی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مکانات کو منہدم کر کے گاندھی کا مجسمہ نصب کرنا گاندھیائی فکر کے خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر مہاتما گاندھی زندہ ہوتے تو وہ اپنے نام پر ایسی کارروائی کی ہرگز اجازت نہ دیتے۔انہوں نے حکومت اور بالخصوص وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے اپیل کی اس عمل کو فوراً روکا جائے۔ذرائع کے مطابق حکومت کے موسیٰ بیوٹیفکیشن کے نام پر ڈیڑھ لاکھ سے زائد مکانات متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔سروے کیلئے حمایت ساگر سے شروع ہونے والے تقریباً 900 میٹر کے دائرے میں اراضیات کی نشاندہی کی ہے اور ایک ساتھ تقریباً 24 ہزار ایکڑ اراضی حاصل کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔تاہم دسمبر میں جاری گزٹ نوٹیفکیشن میں صرف 3200 ایکڑ اراضی کے حصول اور 10 ہزار ڈھانچوں کے متاثر ہونے کی بات کہی گئی۔موجودہ اندازوں اور زمینی حقائق کے درمیان فرق پر سوال اٹھائے جارہے ہیں۔سیاسی حلقوں میں اس معاملے پر نئی بحث چھڑ گئی ہے اور متاثرین کی جانب سے حکومت کے فیصلے پر احتجاج کیا جارہا ہے۔سیاسی قائدین متاثرین سے ملاقات کر کے احتجاج کی تائید وحمایت کررہے ہیں۔اب تشار گاندھی نے بھی اس کی مخالفت کی ہے۔انہوں نے اپنے ٹوئیٹ میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور سی ایم او کو بھی ٹیگ کیا ہے۔

ہر خاتون کو انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کے لئے کوشاں: سواتی لکرا

حیدرآباد۔ 25/فروری (سفیر نیوز صدائے حسینی) تلنگانہ کی ایڈیشنل ڈی جی پی سواتی لکرا نے کہا کہ شی ٹیمز ایک پلیٹ فارم بنانے کے خیال سے ابھری ہے، جہاں وہ عوامی مقامات پر درپیش مسائل کا آزادانہ اظہار کرسکیں۔ بنجارہ ہلز میں ینگ فلّی لیڈیز آرگنائزیشن کی (وائی فلو) کی 20ویں سالگرہ کا اہتمام کیا گیا۔وائی ایف ایل کے سابق چیرپرسن اور وائی ایف ایل کے ممبران بھی موجود تھے۔اپنے اپنے شعبوں میں اعلیٰ عہدوں پر پہنچنے والی خواتین کے ساتھ گفتگو کا پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔سواتی لکرا نے کہا کہ وہ ہر خاتون کو انصاف فراہم کرنے اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ نہیں سمجھتی کہ حالیہ دنوں میں خواتین میں ہمت کی کمی ہے اور اگرچہ شہروں میں حالات بہتر ہوتے دکھائی دے رہے ہیں لیکن دیہی علاقوں میں اب بھی بہتری کی ضرورت ہے۔بائیولوجیکل کی سربراہ مہیما دتلا نے کہا کہ اگرچہ حالیہ دنوں میں اے آئی کا استعمال کیا گیا ہے لیکن انسانی ذہانت کو توثیق کے معاملے میں کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ماہر تعلیم انجم بابو خان کے علاوہ وائی لو چیرپرسن پلوی جین سونپادتھ فلم پروڈیوسر کے علاوہ دیگر خواتین نے خیالات کا اظہار کیا۔

احمد آباد طیارہ حادثے کی معلومات کے لیے ہائی کورٹ میں عرضی مسترد

نئی دہلی، 25 فروری (ہ س)۔دہلی ہائی کورٹ نے گزشتہ جون میں احمد آباد میں ایئر انڈیا کے طیارے کے حادثے سے متعلق ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ میں کچھ حقائق کو شامل کرنے اور اس رپورٹ کے انکشاف کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔ چیف جسٹس ڈی کے اپادھیائے کی سربراہی والی بنچ نے عرضی کو خارج کرنے کا حکم دیا۔آئی آئی ٹی دہلی کے مکینیکل انجینئر کی جانب سے دائر کی گئی درخواست میں طیارہ حادثے کی رپورٹ میں طیارے کے انجن کے فلیم آؤٹ ٹائم چارٹ کو شامل کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔درخواست میں ایندھن کے سوئچ کو تبدیل کرنے کے بارے میں بھی رپورٹ شامل کرنے کا مطالبہ کیا گیا، چاہے وہ مکینیکل ہو یا دستی۔سماعت کے دوران عدالت نے کہا کہ درخواست گزار کو یہ معلومات رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کا استعمال کرتے ہوئے حاصل کرنی چاہیے تھی۔عدالت اس کے لیے فورم نہیں ہے۔عدالت نے کہا کہ اس کے پاس اس معاملے پر فیصلہ کرنے کی مہارت کی کمی ہے۔یہ ایک درست قانونی اصول ہے کہ جس شعبے میں ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے اسے ان پر چھوڑ دیا جائے۔عدالت نے کہا کہ درخواست میں مانگی گئی رپورٹ ماہرین نے تیار کی تھی۔عدالت نے نوٹ کیا کہ معاملے کی تحقیقات جاری ہے اور صرف ابتدائی رپورٹ موصول ہوئی ہے۔

سی بی آئی نے 6 ریاستوں میں چھاپے مارے

نئی دہلی، 25 فروری (ہ س):۔مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے 1.86 کروڑ کے ڈیجیٹل گرفتاری فراڈ کیس کے سلسلے میں تین لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔گرفتار ملزمان میں بلسین جیکب ابراہم (گوا سے)، محمد مشتاق (ناگپور سے) اور محمد جنید (بنگلور سے) شامل ہیں۔بدھ کو ایجنسی نے گوا، بنگلورو، پلکڑ، ناگپور، حیدرآباد اور دہلی میں مختلف مقامات پر چھاپے مارے۔ڈیجیٹل ڈیوائسز، ڈیبٹ کارڈ، بینک دستاویزات اور دیگر مواد برآمد کیا گیا۔CBI کے مطابق، بلیسن جیکب ابراہم ایک میول اکاؤنٹ آپریٹر ہے (جعلی اکاؤنٹس جو دھوکہ دہی کے لیے استعمال ہوتے ہیں) اور اس نے کرپٹو کرنسی کے لین دین میں کلیدی کردار ادا کیا۔محمد مشتاق شیل کمپنیوں کے ذریعے جرائم سے حاصل ہونے والی آمدنی کو ہینڈل کرتا تھا۔محمد جنید نے جعلسازی سے سم کارڈ حاصل کیے اور 5 جی سم اپ گریڈ کے نام پر لوگوں سے دھوکہ کیا۔ایجنسی نے کہا کہ تفتیش اب دیگر ملکی اور بین الاقوامی ساتھیوں کی نشاندہی پر مرکوز ہے اور جلد ہی معاملے کی تہہ تک پہنچ جائے گی۔

ٹوکیو میں ہندوستانی برادری کی جانب سے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کا پرجوش استقبال

لکھنؤ، 25 فروری (ہ س)۔جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو میں اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کا ہندوستانی برادری کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔وزیر اعلیٰ کو اپنے درمیان دیکھ کر این آر آئیز کے چہرے کھل اٹھے۔ان کی آمد پر ٹوکیو ایئرپورٹ کا پورا ماحول جوش، گرمجوشی اور فخر سے بھر گیا۔وہاں مقیم ہندوستانیوں نے جس گرمجوشی اور جذباتی تعلق کے ساتھ ان کا استقبال کیا وہ محض ایک رسمی تقریب نہیں تھی بلکہ اپنے ملک اور ریاست سے ان کی گہری وابستگی کا فطری مظاہرہ تھا۔وزیر اعلیٰ کی آمد سے قبل ہی روایتی بھارتی لباس میں ملبوس لوگوں کی بڑی تعداد ایئرپورٹ کے استقبالیہ پر جمع ہوگئی تھی۔زیادہ تر خواتین شلوار سوٹ یا ساڑھی پہنتی تھیں، جبکہ مرد کرتہ پاجامے پہنتے تھے۔بہت سے لوگوں نے اپنی ثقافتی وابستگی کے اظہار کے لیے زعفرانی رنگ کا لباس پہنا۔وزیر اعلیٰ یوگی کی آمد پر، ایک نوجوان لڑکی نے ان کے ماتھے پر تلک لگا کر ان کا استقبال کیا۔ان میں وزیر اعلیٰ یوگی ہونے کا جوش این آر آئیز کے چہروں پر عیاں تھا۔لوگ اس کی ایک جھلک دیکھنے اور اس کے ساتھ تصویریں لینے کے لیے بے تاب تھے۔ایک این آر آئی نے وزیر اعلیٰ کو ایک خصوصی پوسٹر پیش کیا جس میں ہندوستان اور جاپان کے درمیان روحانی تعلقات کو دکھایا گیا تھا، جس میں دونوں ممالک کی تاریخی اور ثقافتی علامتوں کو نمایاں کیا گیا تھا۔ایک اور خاتون نے وزیر اعلیٰ کو ہاتھ سے بنی پینٹنگ پیش کی۔

بچہ مزدوری سے آزاد بچوں کو تعلیم کے مین اسٹریم سے جوڑا جائے: ڈیولپمنٹ کمشنر

پٹنہ، 25 فروری (ہ س)۔ریاستی ڈیولپمنٹ کمشنر مہیر کمار سنگھ کی صدارت میں بدھ کو بچہ اور نابالغ مزدوری کے خاتمے کے لیے ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔اس دوران ریاستی حکمت عملی اور ایکشن پلان 2025 کی دفعات کے تحت تشکیل دی گئی ریاستی ٹاسک فورس کی میٹنگ میں ریاست میں بچوں اور نابالغوں کے ذریعہ مزدوری کی موؤثر روک تھام اور رہائی پانے والے بچوں اور نوعمر مزدوروں کی مناسب بازا؟ بادکاری سے متعلق ایکشن پلان پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس دوران متعلقہ محکموں کی سطح پر ریاست میں بچوں اور نوعمر مزدوروں کی ا؟ زادی کی کارروائی اور بازا؟ بادکاری سے متعلق بین محکمہ جاتی تال میل کی صورتحال پر ایک پریزنٹیشن بھی دیا گیا۔میٹنگ میں چھاپہ مارٹیوں کے کام کو بروقت مزید موثر بنانے، بازیاب کرائے گئے بچوں اور نوعمروں کو تعلیم کے دھارے سے جوڑنے، پیشہ ورانہ تربیت اور ہنرمندی کی ترقی کے لیے سہولیات فراہم کرنے کے انتظامات اور ان کے خاندانوں کو سماجی تحفظ اور فلاح و بہبود کی مختلف اسکیموں سے منسلک کرنے کے لیے تبادلہ خیال کیا گیا۔ترقیاتی کمشنر نے ہدایت کی ہے کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی تال میل کے ساتھ مربوط ایکشن پلان کے مطابق کام کریں۔انہوں نے محکمہ داخلہ، لیبر ریسورسز اینڈ مائیگریینٹ ورکرز ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، محکمہ قانون اور بہار اسٹیٹ لیگل سروسز اتھارٹی کی ہر ماہ ایک مشترکہ میٹنگ منعقد کرنے کی ہدایت دی ہے جس کا مقصد چائلڈ اینڈ ایڈیلسنٹ لیبر (پرہیبیشن اینڈ ریگولیشن) ایکٹ 1986 کے تحت قانونی کارروائی میں سہولت فراہم کرنا ہے۔بہار اسٹیٹ چائلڈ لیبر کمیشن کے چیئرمین اشوک کمار بادل، محکمہ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سکریٹری ڈاکٹر بی راجندر، محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کی ایڈیشنل چیف سکریٹری مسز این وجئے لکشمی، محکمہ سماجی بہبود کی سکریٹری مسز بندنا پریشی، کے سکریٹریز، تحفظ اطفال کے سینئر افسران اور ماہرین کے نمائندے بھی موجود تھے۔

اتار چڑھاؤ کے بعد اضافے کیساتھ بند ہوا شیئر بازار

نئی دہلی، 25 فروری (ہ س): مثبت عالمی اشارے کے درمیان، شیئر بازار ہفتے کے تیسرے کاروباری دن بدھ کو معمولی فائدہ کے ساتھ فلیٹ بند ہوا۔ سینسیکس میں 50 پوائنٹس کا اضافہ ہوا، جبکہ نفٹی میں 58 پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔تجارت کے دوران ایک موقع پر، سینسیکس 731.99 پوائنٹس کے 82,957.9 تک پہنچ گیا۔نیشنل اسٹاک ایکسچینج نفٹی 57.85 پوائنٹس یا 0.23 فیصد بڑھ کے 25,482.5 پر بند ہوا۔بمبئی اسٹاک ایکسچینج سینسیکس 50.15 پوائنٹس یا 0.061 فیصد چھلانگ لگا کے 82,276.0 پر بند ہوا۔

مجلس عزا
بسلسلہ زیارت

جناب الیاس علی مرزا صاحب مرحوم
ابن سخاوت علی مرزا صاحب
بتاریخ: 26/فروری
مطابق 8/رمضان المبارک
بوقت: 4.30 بجے
بمقام: الاوہ سرطوق مبارک
معروضہ: خانوادہ مرحوم
نوٹ: زنانہ کا انتظام ہے

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی سی ای او ایڈوب سے ملاقات

حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے عزتِ مآب وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی سے آج ایڈوب کے سی ای او اور تلنگانہ رائزنگ 2047 وژن بورڈ کے رکن شانتنو نارائن نے باوقار ملاقات کی۔ملاقات کے دوران عالمی رجحانات اور ابھرتے ہوئے مواقع کے تناظر میں ریاستی حکومت کی جانب سے اختیار کی جانے والی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں رہنماں نے گلوبل مینوفیکچرنگ، گرین انرجی، روزگار پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) کے اثرات، اور اسکلنگ وری اسکلنگ کے فروغ جیسے اہم موضوعات پر گفتگو کی۔وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر کہا کہ تلنگانہ کو ایک مضبوط مینوفیکچرنگ پاور کے طور پر ابھارنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس مقصد کے حصول کے لیے عالمی سطح کی نمایاں کمپنیوں کو ریاست میں سرمایہ کاری کے لیے راغب کرنے کی جامع منصوبہ بندی کی جائے گی۔معیشت پر AI انقلاب کے ممکنہ اثرات اور آنے والے برسوں میں AI کے مثبت اور ذمہ دارانہ استعمال کے امکانات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر اعلیٰ نے ریاست کی تیز رفتار اور پائیدار ترقی کے لیے مزید تعاون اور رہنمائی کی خواہش ظاہر کی۔

تلنگانہ میڈیا اکیڈمی کے چیرمین سرینواس ریڈی کی میعاد میں مزید دو سال کی توسیع

حیدرآباد۔25/فروری (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ حکومت نے تلنگانہ میڈیا اکیڈمی کے چیئرمین کے طور پر خدمات انجام دے رہے سینئر صحافی کے سرینواس ریڈی کی میعاد میں مزید دو سال کی توسیع کردی ہے۔اس سلسلے میں آج باضابطہ احکامات جاری کردیے گئے۔واضح رہے کہ ریاست میں کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد 26 فروری 2024 کو کے۔سرینواس ریڈی کو دو سالہ مدت کیلئے تلنگانہ میڈیا اکیڈمی کا چیئرمین مقرر کیا گیا تھا۔حکومت نے صحافت کے میدان میں انکے طویل تجربے اور صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے کی گئی نمایاں خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی میعاد میں توسیع کا فیصلہ کیا ہے۔تازہ احکامات کے مطابق وہ آئندہ دو برس تک بدستور تلنگانہ میڈیا اکیڈمی کے چیئرمین کے طور پر ذمہ داریاں نبھاتے رہیں گے

ریاست بھر میں تحصیلدار اور آر ڈی او دفاتر کی مستقل عمارتوں کی تعمیر کا فیصلہ: وزیر پی سرینواس ریڈی

حیدرآباد-25 -فروری (چوائس نیوز) تلنگانہ حکومت نے ریاست بھر میں تحصیلدار اور آر ڈی او دفاتر کے لیے مستقل عمارتوں کی تعمیر کا اہم فیصلہ کیا ہے۔محکمہ ریونیو، ہاسنگ اور اطلاعات و تعلقات عامہ کے وزیر شری پی سرینواس ریڈی نے سکریٹریٹ میں اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ اس تجویز کا جائزہ لیا۔پہلے مرحلے میں 60 تحصیلدار دفاتر اور 5 آر ڈی او دفاتر، جو اس وقت کرائے کی عمارتوں میں کام کررہے ہیں، کے لیے جدید اور مستقل عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔دوسرے مرحلے میں ریاست کے 170 تحصیلدار اور آر ڈی او دفاتر، جو خستہ حال عمارتوں میں قائم ہیں، کو منہدم کر کے نئی عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔ان عمارتوں کے لیے یکساں ڈیزائن تیار کیے جائیں گے، جنہیں وزیر اعلیٰ شری ریونت ریڈی سے مشاورت کے بعد حتمی شکل دی جائے گی۔ریاستی حکومت اس اقدام کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، نظم ونسق کو بہتر بنانے اور عوام کو باوقار اور مؤثر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کوسری شیٹائی انٹر پرائزیز' پلاٹ نمبر 19' آئی ڈی اے' بالانگر' آر آر ڈسٹرکٹ' تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146' امان نگر (اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780' پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔